PR.No. 30/2026
**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN**
******
Islamabad, the 7th August, 2026

**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN REVIEWS PROGRESS ON E-FILING SYSTEM AND DIGITIZATION OF JUDICIAL CASE FILES**

A meeting to review the progress of the E-Filing System and the digitization of judicial case files was held under the chairmanship of Hon'ble Mr. Justice Amin-ud-Din Khan, Chief Justice, Federal Constitutional Court of Pakistan. The meeting was attended by Hon'ble Mr. Justice Syed Arshad Hussain Shah; Mr. Muhammad Hafeez Ullah Khan, Registrar; Mr. Mazhar Javed Bhatti, Secretary to the Hon'ble Chief Justice; Mr. Abdul Rasheed Mahar, Director General (IT); Mr. Muhammad Abbas Zaidi, Deputy Registrar (Judicial-I); Mr. Mahmood-ul-Hassan Bhatti, Deputy Registrar (Judicial-II); Mr. Najam Farooq Alvi, Director IT; Dr. Bibi Ameena, AR (C&ST) and Director (MA & PR); and Ms. Maryam Khan, Director IT (Automation & Digitization).

The Director General (IT) briefed the participants on the Court's digital transformation programme and the Director IT demonstrated the E-Filing System and the digitization process, while the Worthy Registrar highlighted the system's role in modernizing judicial administration and strengthening institutional efficiency.

The meeting was informed that the FCCP has launched a pilot project for the digitization of judicial case files as part of its vision to establish a secure, efficient, and technology-enabled paperless e-Court. Under the initiative, the Judicial Wing and the Directorate of Information Technology are jointly undertaking the scanning, digital indexing, and secure uploading of judicial records to the Court's Case Flow Management System (CFMS), with Optical Character Recognition (OCR) technology facilitating efficient indexing and retrieval of records.

The Hon'ble Chief Justice appreciated the efforts of the Judicial Wing and the Directorate of Information Technology in implementing the initiative and directed that a practical inspection of the project be conducted next week to review its operational progress. The Hon'ble Chief Justice observed that the FCCP should continue to introduce innovative and distinctive institutional reforms capable of setting new benchmarks for excellence within the justice sector. He emphasized that every reform undertaken today should create enduring institutional value by making judicial processes more efficient, accessible, and convenient for future generations.

The meeting concluded with a reaffirmation of the FCCP's commitment to digital transformation, institutional modernization, and the continuous enhancement of judicial services.

https://www.facebook.com/share/1Ed4vAEkQj/
https://www.instagram.com/fccp_pakistan
https://x.com/FCCP_pakistan
https://bit.ly/4v7P5ps

**Dr. Bibi Ameena**
Director, Media Affairs
& Public Relations

# وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان میں ای فائلنگ سسٹم اور عدالتی مقدمات کی فائلوں کی ڈیجیٹلائزیشن پر پیش رفت کا جائزہ

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان میں ای فائلنگ سسٹم اور عدالتی مقدمات کی فائلوں کی ڈیجیٹلائزیشن پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اجلاس عزت مآب جناب جسٹس امین الدین خان، چیف جسٹس، وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں عزت مآب جناب جسٹس سید ارشد حسین شاہ، جناب محمد حفیظ اللہ خان، رجسٹرار، جناب مظہر جاوید بھٹی، سیکریٹری برائے چیف جسٹس، جناب عبدالرشید مہر، ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی)، جناب محمد عباس زیدی، ڈپٹی رجسٹرار (جوڈیشل-I)، جناب محمود الحسن بھٹی، ڈپٹی رجسٹرار (جوڈیشل-II)، جناب نجم فاروق علوی، ڈائریکٹر آئی ٹی، ڈاکٹر بی بی امینہ اسسٹنٹ رجسٹرار (کوآرڈینیشن اینڈ اسپیشل ٹاسکس) وڈائریکٹر (میڈیا افیئرز اینڈ پبلک ریلیشنز)، اور محترمہ مریم خان، ڈائریکٹر آئی ٹی (آٹومیشن اینڈ ڈیجیٹلائزیشن) نے شرکت کی۔

اجلاس کے آغاز میں ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) نے عدالت کے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن پروگرام پر بریفنگ دی، جبکہ ڈائریکٹر آئی ٹی نے ای فائلنگ سسٹم اور عدالتی مقدمات کی فائلوں کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ بعد ازاں معزز رجسٹرار نے اس نظام کی افادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ یہ عدالتی انتظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور ادارہ جاتی استعداد کار کو مزید مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

اجلاس کو بتایا گیا کہ وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان نے ایک محفوظ، مؤثر اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ پیپر لیس ای کورٹ کے قیام کے وژن کے تحت عدالتی مقدمات کی فائلوں کی ڈیجیٹلائزیشن کا منصوبہ شروع کر دیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت جوڈیشل ونگ اور ڈائریکٹوریٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی مشترکہ طور پر عدالتی ریکارڈ کی اسکیننگ، ڈیجیٹل انڈیکسنگ اور کیس فلو مینجمنٹ سسٹم (CFMS) پر محفوظ منتقلی کا عمل انجام دے رہے ہیں، جبکہ آپٹیکل کریکٹر ریکگنیشن (OCR) ٹیکنالوجی کے ذریعے عدالتی ریکارڈ کی مؤثر انڈیکسنگ اور فوری بازیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

عزت مآب چیف جسٹس نے اس منصوبے کے نفاذ میں جوڈیشل ونگ اور ڈائریکٹوریٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ آئندہ ہفتے منصوبے کا عملی معائنہ کیا جائے تاکہ اس کی پیش رفت اور مؤثر نفاذ کا جائزہ لیا جا سکے۔

عزت مآب چیف جسٹس نے اس امر پر زور دیا کہ وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کو ایسے منفرد اور اختراعی ادارہ جاتی اصلاحات متعارف کراتے رہنا چاہیے جو نظامِ انصاف میں اعلیٰ معیار کی نئی مثالیں قائم کریں۔ انھوں نے کہا کہ آج متعارف کرائی جانے والی ہر اصلاح مستقبل کے لیے پائیدار ادارہ جاتی اہمیت کی حامل ہونی چاہیے تاکہ عدالتی عمل مزید مؤثر، آسان اور عوام دوست بنایا جا سکے۔

اجلاس کے اختتام پر وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کی ادارہ جاتی جدت اور عدالتی خدمات میں مسلسل بہتری کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔